# TALEEMI DUNYA

**Test Syllabus: Unit # 7** (7-آرام و سکون ،3-دِلِ ناداں تجھے ہوا کیاہے۔* نارا ض دوست کو منانے کے لیے خط لکھئے۔* فوڈ کنٹرولر کے نام راشن ڈپو کے خلاف درخواست لکھئے،
* "نااتفاقی کا انجام "*مریض اور ڈاکٹر کے درمیان مکالمہ، مذکر / مونث)

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **St. Name** | | **Test** | **Urdu** | **T. Marks** | **40** | **Time** | **60 Min** |
| **F. Name** | | **Class** | **9th** | **T. Code** | **U#7** | **T. Date** | |

## حصّہ معروضی

نوٹ:ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,CاورDدئیے گئے ہیں جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سےبھر دیجئے ۔ایک سےزیادہدائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصورہوگا۔**8**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| -1 | سبق " آرام و سکون " کے مصنف کون ہیں۔ | | | | | | |
| (A) | پریم جند | (B) | سیّد امتیاز علی تاج | (C) | مولوی نذیر احمد | (D) | میرزاادیب |
| -2 | ڈاکٹر کے مطابق میاں کو کیا بیماری تھی؟ | | | | | | |
| (A) | شوگر | (B) | د ل کی بیماری | (C) | تکان اور حرارت | (D) | سردرد |
| -3 | میاں کتنے بجے دفتر جایا کرتے تھے؟ | | | | | | |
| (A) | صبح آٹھ بجے | (B) | شام سات بجے | (C) | صبح دس بجے | (D) | صبح نو بجے |
| -4 | مرزاغالب نے کسے نادان کہا ہے؟ | | | | | | |
| (A) | محبوب | (B) | عقل | (C) | دشمن | (D) | دِل |
| -5 | ہم ہیں مشتاق اور وہ: | | | | | | |
| (A) | ظالم | (B) | سنگدل | (C) | بیزار | (D) | بے وفا |
| -6 | میاں کی مؤنث ہے: | | | | | | |
| (A) | ممانی | (B) | بیوی | (C) | عورت | (D) | مامی |
| -7 | درویش کی صد ا کیا ہے؟ | | | | | | |
| (A) | اللہ کے نام پر ددبابا | (B) | بھلا کر ترا بھلا ہوگا | (C) | کر بھلا ہو بھلا، انت بھلے کا بھلا | (D) | جو دے اُس کا بھی بھلا، جو نہ دے اُس کا بھلا |
| -8 | پارسی کی مؤ نث ہے: | | | | | | |
| (A) | پارسانی | (B) | پارسن | (C) | پارسہ | (D) | پارسائی |

## حصّہ انشائیہ

**سوالنمبر2 ۔ مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔** **4**

- میں بھی مُنھ میں زبان رکھتا ہوں　　کاش پُوچھو کہ مدّعا کیا ہے
- ہم کو اُن سے ، وفا کی ہے امید　　جو نہیں جانتے، وفا کیا ہے

**سوالنمبر3 ۔ مندرجہ ذیل نثر پارے کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان ، مصنف کانام بھی لکھیے۔** **05**

جی نہیں بیگم صاحبہ! تردّد کی کوئی بات نہیں، میں نے بہت اچھی طرح معائنہ کر لیا ہے۔ صرف تکان کی وجہ حرارت ہوگئی ہے۔ان دنوں آپ کے شوہر غالباًََ کام بہت زیادہ کرتے ہیں۔ ڈاکٹر صاحب ! ان دنوں کیا، ان کا ہمیشہ سے یہی حال ہے۔ صبح دس بجے دفتر جا کر شام سات بجے سے پہلےکبھی واپس نہیں آتے۔

**سوالنمبر4: مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے چار سوالات کے مختصر جوابات لکھئے۔**

1) روزانہ آرام و سکون نہ کیا جائے تو اس کا کیا نتیجہ نکلتا ہے؟
2) شاعر کو کن سے وفا کی اُمید ہے؟
3) بیماری کے باوجود میاں دفتر جانے کے لیے کیوں تیار ہو جاتا ہے؟
4) شاعر نے کسے ناداں کہاہے؟
5) اس ڈرامے سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟
6) کون مشتاق ہے اور کون بیزار؟

**سوالنمبر5: سبق"آرام و سکون " کا خلاصہ لکھئے۔** **05**

**سوالنمبر6: ناراض دوست کو منانے کے لیے خط لکھئے۔** **10**

**یا**

فوڈ کنٹرولر کے نام راشن ڈپو کے خلاف درخواست لکھئے۔